PhD (Urdu)/E.T/May/2018

| | |
|---|---|
| دستخط نگران کار | **Booklet Serial No.** |

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (اردو) انٹرنس ٹسٹ ۔ 2018

## PhD (Urdu) Entrance Test - 2018

## Question Paper Booklet کتابچۂ پرچۂ سوالات

وقت : دو گھنٹے                                                     نمبرات : 100

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔ اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچۂ سوالات کل 16 صفحات پر مشتمل ہے۔ آخر کا ایک صفحہ Rough Work کے لیے ہیں۔ اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔
3. اس کتابچے میں جملہ 100 معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (D) (C) (B) (A) جوابات دیے گئے ہیں۔ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔
4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔ اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچۂ سوالات اپنے ساتھ لیجاسکتے ہیں۔

☆☆☆

## حصہ الف (Part A)

## Research Methodology

1. ادب کی اصطلاح ''تحقیق'' کا مادہ کیا ہے؟

(A) ح ق ی ق
(B) ح ق
(C) ح ق ق
(D) ت ح ق

2. کسی متن کا ایسا نسخہ جس میں درمیانی اوراق نہ ہوں، کیا کہلاتا ہے؟

(A) ناقص الاول
(B) ناقص الاوسط
(C) ناقص الآخر
(D) ناقص الطرفین

3. ''تحقیق کا فن'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) عبدالرزاق قریشی
(B) سید کلب عابد
(C) ش۔ اختر
(D) گیان چند جین

4. غالب کا دیوان پہلی مرتبہ کب شائع ہوا؟

(A) 1836
(B) 1838
(C) 1841
(D) 1847

5. کس نے ثابت کیا کہ ''معراج العاشقین'' خواجہ بندہ نواز گیسودراز کی تصنیف نہیں ہے؟

(A) مولوی عبدالحق
(B) ڈاکٹر حفیظ قتیل
(C) عبدالقادر سروری
(D) نصیرالدین ہاشمی

6. سلطان محمد قلی قطب شاہ کے کلیات کو پہلی مرتبہ کس نے مرتب کیا؟

(A) ڈاکٹر زور
(B) پروفیسر سید محمد
(C) پروفیسر سیدہ جعفر
(D) ڈاکٹر رفیعہ سلطانہ

7. شمالی ہند کی پہلی نثری داستان ''قصہ مہر افروز ودلبر'' کو کس نے مرتب کیا؟

(A) مالک رام
(B) امتیاز علی خاں عرشی
(C) قاضی عبدالودود
(D) پروفیسر مسعود حسین خاں

8. اپنے مضمون میں جب کسی دوسرے مصنف کے خیال کو لفظاً یا معناً نقل کرتے ہیں تو اس کا حوالہ دینے کے لیے سب سے پہلے کس کا نام لکھنا چاہیے۔

(A) مضمون یا کتاب کا (B) مصنف کا

(C) مرتب کا (D) ناشر کا

9. ہندآریائی زبان کا پہلا نقش ہمیں کس کتاب میں ملتا ہے؟

(A) رامائن (B) مہابھارت

(C) پُران (D) رگ وید

10. دکنی کا پہلا نثری رسالہ کون سا ہے؟

(A) کلمۃ الاسرار (B) معراج العاشقین

(C) کلمۃ الحقائق (D) خیرالبیان

11. کمپیوٹر کی کتابت میں شائع ہونے والا پہلا اردو اخبار کون سا ہے؟

(A) جنگ (کراچی) (B) ہندسماچار (جالندھر)

(C) سیاست (حیدرآباد) (D) انقلاب (ممبئی)

12. مضحک کردار 'خوجی' کس کی تخلیق ہے؟

(A) ابن انشا (B) مشتاق احمد یوسفی

(C) سجاد حسین (D) پنڈت رتن ناتھ سرشار

13. ابن نشاطی کی مثنوی ''پھول بن'' کو پہلی مرتبہ کس نے مرتب کیا؟

(A) میر سعادت علی رضوی (B) عبدالقادر سروری

(C) اکبرالدین صدیقی (D) ڈاکٹر زورؔ

14. مضمون ''تحقیق و تنقید'' کے مصنف کون ہیں؟

(A) گیان چند جین (B) ڈاکٹر جمیل جالبی

(C) عندلیب شادانی (D) ڈاکٹر سید عبداللہ

15. غالب کی پہلی محققانہ سوانح عمری کس نے لکھی؟

(A) غلام رسول مہر (B) شیخ محمد اکرام

(C) مالک رام (D) منشی مہیش پرشاد

16. اردو کی کس قدیم مثنوی کو اس طرح شائع کیا گیا کہ کتاب میں دائیں جانب کے صفحے پر مثنوی کے مخطوطے کا عکس ہے اور بائیں جانب کے صفحے پر محقق کا مرتبہ متن ہے۔

(A) قطب مشتری (B) گلشن عشق

(C) کدم راؤ پدم راؤ (D) پھول بن

17. اردو کی پہلی علاقائی ادبی تاریخ کون سی ہے؟

(A) دکن میں اردو (B) پنجاب میں اردو

(C) میسور میں اردو (D) بہار میں اردو

18. کس محقق نے یہ ثابت کیا کہ خالق باری حضرت امیر خسرو (مرید حضرت نظام الدین اولیا) کی نہیں بلکہ جہانگیر کے عہد کے ضیاء الدین خسرو کی تصنیف ہے۔

(A) مسعود حسن رضوی ادیب (B) سید سلیمان ندوی

(C) مولوی عبدالحق (D) محمود شیرانی

19. رشید حسن خاں نے کس مثنوی کو مرتب نہیں کیا؟

(A) سحرالبیان (B) گلزار نسیم

(C) بحرالمحبت (D) زہر عشق

20. حلقہ ارباب ذوق کا قیام کب عمل میں آیا؟

(A) 1936 (B) 1937

(C) 1938 (D) 1939

21. امیؔر مینائی کا مدفن کہاں ہے؟

(A) لکھنؤ (B) حیدرآباد

(C) رامپور (D) بدایوں

22. ’’طلسم ہوشربا‘‘ کس بڑی داستاں کا حصہ ہے؟

(A) بوستانِ خیال (B) داستان امیر حمزہ

(C) الف لیلہ (D) طلسم فصاحت

23. کس نے یہ دعویٰ کیا کہ فائزؔ شمالی ہند کا پہلا صاحب دیوان شاعر ہے؟

(A) احسن مارہروی (B) خواجہ احمد فاروقی

(C) ڈاکٹر محمد حسن (D) مسعود حسن رضوی ادیب

24. ذیل کے کس تذکرے کو شبلی نے مرتب کیا اور اس پر مولوی عبدالحق نے مقدمہ لکھا؟

(A) مخزن نکات
(B) تذکرۂ شعرائے اردو
(C) گلشن ہند
(D) گلشن بے خار

25. ملا وجہی کی تصنیف ''سب رس'' کی تلخیص ''قصہ حسن و دل'' کے نام سے کس نے کی؟

(A) مولوی عبدالحق
(B) جاوید وششٹ
(C) حمیرا جلیلی
(D) شمیم انہونوی

26. ''ادبی تحقیق، مسائل اور تجزیہ'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) رشید حسن خاں
(B) تنویر احمد علوی
(C) عبدالستار دلوی
(D) سید محمد ہاشم

27. افضل کی ''بکٹ کہانی'' کو کن دو محققوں نے مل کر مرتب کیا؟

(A) محمود شیرانی اور مولوی عبدالحق
(B) قاضی عبدالودود اور رشید حسن خاں
(C) مسعود حسین خاں اور نورالحسن ہاشمی
(D) ابواللیث صدیقی اور نثار احمد فاروقی

28. ذیل میں ایک دعویٰ اور ایک دلیل دی گئی ہے۔ انھیں غور سے پڑھیے اور صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

دعویٰ : قاضی عبدالودود کو بت شکن محقق کہا جاتا ہے۔

دلیل : کیونکہ انھوں نے فن تحقیق پر متعدد کتابیں تصنیف کیں۔

(A) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے
(B) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل غلط ہے
(C) دلیل صحیح ہے اور دعویٰ غلط ہے
(D) دعویٰ غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے

29. گفتگو ریختے میں ہم سے نہ کر = یہ ہماری زبان ہے پیارے

یہ کس کا شعر ہے؟

(A) قائم
(B) آتش
(C) ذوقؔ
(D) میرؔ

30. ''بانگِ درا'' میں اقبال کے کلام کو زمانی اعتبار سے کتنے ادوار میں تقسیم کیا گیا ہے؟

(A) دو
(B) تین
(C) چار
(D) کوئی ادوار بندی نہیں ہے

31. غبارِ خاطر کے مکتوب الیہ حبیب الرحمٰن خاں شیروانی محقق بھی تھے۔ انھوں نے اردو کے کس شاعر کا دیوان مرتب کیا؟

(A) شاہ حاتم (B) جان جاناں مظہر

(C) خواجہ میر درد (D) انعام اللہ خاں یقین

32. بہادر شاہ ظفر نے کس سنہ میں وفات پائی؟

(A) 1860 (B) 1862

(C) 1865 (D) 1867

33. ذیل میں کس نے ارسطو کی تصنیف ''بوطیقا'' کا اردو میں ترجمہ نہیں کیا؟

(A) عزیز احمد (B) ڈاکٹر جمیل جالبی

(C) شمس الرحمٰن فاروقی (D) محمد حسن عسکری

34. فراق گورکھپوری کے کس مجموعے پر انھیں ساہتیہ اکیڈمی ایوارڈ سے نوازا گیا۔

(A) گل نغمہ (B) روح کائنات

(C) روپ (D) شبستان

35. ''مصداق فاطمہ'' کس مصنفہ کا اصل نام ہے۔

(A) عصمت چغتائی (B) خدیجہ مستور

(C) صالحہ عابد حسین (D) رضیہ سجاد ظہیر

36. ''دکنی لغت'' کس نے مرتب کی؟

(A) پروفیسر سیدہ جعفر (B) ڈاکٹر جمیل جالبی

(C) مسعود حسین خاں (D) جاوید وششٹ

37. سر سید کی تصنیف آثار الصنادید کا پہلا ایڈیشن کب شائع ہوا؟

(A) 1842 (B) 1845

(C) 1847 (D) 1850

38. مولوی عبدالحق کے خاکوں کا مجموعہ کون سا ہے؟

(A) گنج ہائے گراں مایہ (B) دلی کی چند عجیب ہستیاں

(C) وہ صورتیں الٰہی (D) چند ہم عصر

39. کس کا شمار ماہرین غالبیات میں نہیں ہوتا؟

(A) امتیاز علی خاں عرشی
(B) کالی داس گپتا رضا
(C) مالک رام
(D) عبادت بریلوی

40. ''زبانی بیانیہ، بیان کنندہ اور سامعین'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) ناصر عباس نیر
(B) شمس الرحمٰن فاروقی
(C) آصف فرخی
(D) قاضی افضال حسین

41. انور سدید کی کتاب ''اردو ادب کی تحریکیں'' سے مماثلت رکھنے والے موضوع پر ہندوستان میں کس کی کتاب شائع ہوئی؟

(A) نسیم قریشی
(B) منظر اعظمی
(C) خلیل الرحمٰن اعظمی
(D) ڈاکٹر محمد حسن

42. ذیل میں کس نے اردو ناول پر تحقیقی وتنقیدی کام نہیں کیا؟

(A) یوسف سرمست
(B) انور پاشاہ
(C) نیلم فرزانہ
(D) احتشام حسین

43. دہلی کالج کا قیام کب عمل میں آیا؟

(A) 1825
(B) 1827
(C) 1830
(D) 1835

44. ''آب حیات'' کے پہلے اڈیشن میں کس شاعر کے حالات درج نہیں تھے؟

(A) جرات
(B) میر سوزؔ
(C) مومن
(D) ناسخ

45. زمانہ اشاعت کے اعتبار سے مشتاق احمد یوسفی کی تصانیف کی صحیح ترتیب کونسی ہے۔

(A) آب گم۔ زرگزشت۔ چراغ تلے۔ خاکم بدہن۔
(B) خاکم بدہن۔ آب گم۔ زرگزشت۔ چراغ تلے
(C) چراغ تلے۔ خاکم بدہن۔ زرگزشت۔ آب گم
(D) زرگزشت۔ خاکم بدہن۔ چراغ تلے۔ آب گم

46. ماہرین لسانیات کے بموجب قدیم ہند آریائی کا دور کب سے کب تک مانا جاتا ہے۔

(A) 2000 قبل مسیح تا 1500 قبل مسیح
(B) 1500 قبل مسیح تا 500 قبل مسیح
(C) 2000 قبل مسیح تا 1000 قبل مسیح
(D) 2000 قبل مسیح تا 500 قبل مسیح

47. ذیل کے کس شاعر کا تعلق ایہام گوئی سے نہیں ہے؟

(A) آبرو
(B) شاکر ناجی
(C) مضمون
(D) جرات

48. اردو کے پہلے سفرنامے ''عجائبات فرنگ'' کے مصنف کون ہیں۔

(A) مولوی جعفر تھانیسری
(B) یوسف خان کمبل پوش
(C) سرسید احمد خاں
(D) شبلی

49. مولانا ابوالکلام آزاد نے الہلال کب جاری کیا؟

(A) 15 جولائی 1910
(B) 10 اگست 1911
(C) 13 جولائی 1912
(D) 15 اگست 1913

50. کس نے یہ تصور پیش کیا کہ لفظ اور معنیٰ میں کوئی منطقی رشتہ نہیں ہوتا۔

(A) رولاں بارتھ
(B) سوسئیر
(C) رومان جیکب سن
(D) ہوسرل

## (Part - B) حصہ ب

51. ''نامعقول شخص معقول شاعر نہیں ہوسکتا۔ جس شخص میں شریفوں کے اطوار نہ ہوں اس میں فنون شریفہ کے آداب کہاں سے آئیں گے''۔
یہ قول کس کا ہے؟

(A) حالؔی
(B) شبلی
(C) آل احمد سرور
(D) رشید احمد صدیقی

52. ناول ''باگھ'' کس کی تصنیف ہے۔

(A) حسین الحق
(B) عبداللہ حسین
(C) عبدالصمد
(D) خالد محمد

53. راجندر سنگھ بیدی کے کس افسانے کا آغاز ایک پنجابی گیت کے مصرعے سے ہوتا ہے جس کا مطلب ہے ''یہ چھوئی موئی کے پودے ہیں ری ہاتھ بھی لگاؤ تو کمھلا جاتے ہیں''۔

(A) اپنے دکھ مجھے دے دو
(B) گرہن
(C) لاجونتی
(D) دس منٹ بارش میں

54. ملک محمد جائسی کی پدماوت اور تلسی داس کی رام چرت مانس جیسے شاہ کار کس زبان میں لکھے گئے ہیں۔

(A) میتھلی (B) بھوج پوری

(C) اودھی (D) برج

55. ذیل کی کون سی شخصیت شاعری اور صحافت کی جامع نہیں ہے۔

(A) اختر شیرانی (B) مولوی عبدالحق

(C) محمد علی جوہر (D) ظفر علی خاں

56. ذیل کے کس نقاد کی فنی جہتوں میں شاعری، افسانہ نگاری اور ناول نگاری بھی شامل ہے۔

(A) محمد حسن عسکری (B) احتشام حسین

(C) فراق گورکھپوری (D) شمس الرحمٰن فاروقی

57. زمانی اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے۔

(A) نوسرہار، قطب مشتری، گلشن عشق، پھول بن (B) قطب مشتری، گلشن عشق، پھول بن، نوسرہار

(C) گلشن عشق، نوسرہار، پھول بن، قطب مشتری (D) نوسرہار، قطب مشتری، پھول بن، گلشن عشق

58. ذیل کے کس کردار کا تعلق ناول ''آنگن'' سے نہیں ہے۔

(A) جمیل بھیا (B) صفدر بھائی

(C) اسرار میاں (D) کمال

59. ادب کے منصب کی وضاحت کرتے ہوئے درج ذیل خیالات کا اظہار کس نے کیا؟

''ہماری کسوٹی پر وہ ادب کھرا اترے گا جس میں تفکر ہو، آزادی کا جذبہ ہو، حسن کا جوہر ہو، تعمیر کی روح ہو، زندگی کی حقیقتوں کی روشنی ہو، جو ہم میں حرکت، ہنگامہ اور بےچینی پیدا کرے، سلائے نہیں۔''

(A) سجاد ظہیر (B) پریم چند

(C) ملک راج آنند (D) پنڈت نہرو

60. اردو داستانوں کے موضوع پر پہلی بھرپور تنقیدی کتاب کونسی ہے؟

(A) اردو کی نثری داستانیں (B) اردو داستاں تحقیق وتنقید

(C) اردو اور فن داستاں گوئی (D) ہماری داستانیں

61. ڈاکٹر گیان چند جین نے کس محقق کو ''لسانیات کا ابوالآبا'' کہا ہے؟

(A) ڈاکٹر زور (B) سہیل بخاری

(C) محمود شیرانی (D) شوکت سبزواری

62. ذیل میں ایک دعویٰ اور ایک دلیل دی گئی ہے۔ انھیں غور سے پڑھیے اور صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

دعویٰ : سلطان محمد قلی قطب شاہ نے اپنی شاعری کا خمیر مقامی عناصر اور دیسی آب ورنگ سے اٹھایا۔

دلیل : سلطان محمد قلی قطب شاہ کی شاعری میں ایران اور توران کی فضا کا احساس ہوتا ہے۔

(A) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے
(B) دعویٰ غلط ہے اور دلیل صحیح ہے
(C) دعویٰ غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے
(D) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل غلط ہے

63. لطف مئے تجھ سے کیا کہوں زاہد = ........................................

درج ذیل میں سے صحیح مصرعے کا انتخاب کیجیے اور شعر مکمل کیجیے۔

(A) یہ نہیں ہے تو زندگی ہی نہیں
(B) ہائے کم بخت تو نے پی ہی نہیں
(C) پر کریں کیا تری خوشی ہی نہیں
(D) ترے دل کو ابھی لگی ہی نہیں

64. ''دوست غمخواری میں میری سعی فرمادیں گے کیا = ........................................

غالب کی غزل کے اس مطلعے کے مصرع ثانی کی نشاندہی کیجیے۔

(A) کوئی مجھ کو یہ تو سمجھادو کہ سمجھادیں گے کیا
(B) یہ جنون عشق کے انداز چھٹ جاویں گے کیا
(C) ہم کہیں گے حال دل اور آپ فرماویں گے کیا
(D) زخم کے بھرنے تلک ناخن نہ بڑھ جاویں گے کیا

65. 'چیتا خاں' کا کردار کس کے خطوط کے مجموعے میں ملتا ہے؟

(A) غالب
(B) شبلی
(C) ابوالکلام آزاد
(D) فیض احمد فیض

66. قرۃ العین حیدر کی تصنیف ''دکن سا نہیں ٹھار سنسار میں'' کا تعلق کس صنف سے ہے۔

(A) سوانح
(B) رپورتاژ
(C) سفرنامہ
(D) آپ بیتی

67. نظیر اکبرآبادی کی نظم ''بنجارہ نامہ'' کس ہیئت میں ہے؟

(A) مخمس
(B) مسدس
(C) مسبع
(D) مثمن

68. ذیل میں کون سا انشائیہ مشتاق احمد یوسفی کی تصنیف نہیں ہے؟

(A) بڑے گر بیمار
(B) کافی
(C) چارپائی
(D) کرکٹ

69. عذرا کس ڈرامے کا کردار ہے؟

(A) یہودی کی لڑکی (B) دھوپ کی دستک

(C) خانہ جنگی (D) آگرہ بازار

70. ہندوستان کی پہلی بولتی فلم عالم آرا کب ریلیز ہوئی۔

(A) 1930 (B) 1931

(C) 1932 (D) 1933

71. ''اقبال نئی تشکیل'' کس کی تصنیف ہے۔

(A) یوسف حسین (B) علی سردار جعفری

(C) آل احمد سرور (D) عزیز احمد

72. ''اردو نثر کا فنی ارتقا'' کے مرتب کون ہیں۔

(A) ڈاکٹر زور (B) فرمان فتح پوری

(C) اسلوب احمد انصاری (D) خورشید الاسلام

73. درج ذیل میں سے کون سا حرف، حروف قمری کے زمرے سے تعلق رکھتا ہے۔

(A) ر (B) ص

(C) م (D) ن

74. قرۃ العین حیدر کے کس افسانے کا اختتام اس دوہے پر ہوتا ہے۔

کاگا سب تن کھائیو چن چن کھائیو ماس

دوئی نیناں مت کھائیو پیا ملن کی آس

(A) نظارہ درمیاں ہے (B) یہ غازی یہ تیرے پراسرار بندے

(C) فوٹو گرافر (D) ڈالن والا

75. ادب ایک فن لطیف ہے جس کا موضوع زندگی ہے، اس کا مقصد اظہار ترجمانی اور تنقید ہے، اس کا سرچشمہ تحریک احساس ہے، اس کے معاون اظہار تخیل اور قوت مخترعہ ہیں اور اس کے خارجی روپ وہ حسین ہیئت اور وہ خوب صورت پیرایہ ہائے اظہار ہیں جو لفظوں کی مدد سے تحریر کی صورت اختیار کرتے ہیں۔

ادب کی یہ تشریح کس نے کی ہے؟

(A) آل احمد سرور (B) احتشام حسین

(C) سجاد ظہیر (D) ڈاکٹر سید محمد عبداللہ

76. ''گمان کا ممکن'' کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(A) اختر الایمان
(B) ن۔م راشد
(C) مجاز
(D) میراجی

77. تجزیاتی لسانیات کی کس شاخ میں ''جملہ'' تجزیے کی اکائی ہوتی ہے؟

(A) صوتیات
(B) فونیمیات
(C) صرف
(D) نحو

78. ''اجی لاحول ولاقوۃ اس میں لطف زبان کہاں۔ ایک تک بندی اور بھٹیارخانہ جمع ہے''۔ رجب علی بیگ سرور کی ''فسانۂ عجائب'' کے بارے میں اس خیال کا اظہار کس نے کیا تھا؟

(A) محمد حسین آزاد
(B) غالب
(C) شمس الرحمٰن فاروقی
(D) گیان چند جین

79. ''زبان اور علم زبان'' کے مصنف کون ہیں؟

(A) عبدالقادر سروری
(B) ڈاکٹر عبدالستار صدیقی
(C) مسعود حسین خاں
(D) ڈاکٹر زور

80. عثمانیہ یونیورسٹی کا قیام کب عمل میں آیا؟

(A) 1912
(B) 1915
(C) 1918
(D) 1925

81. انتظار حسین کے افسانے ''آخری آدمی'' میں کون سا کردار شامل نہیں ہے؟

(A) الیاب
(B) الیعذر
(C) ابن زبلون
(D) ابن قیماس

82. نظم ''شیشوں کا مسیحا کوئی نہیں'' فیض کے کس مجموعے میں شامل ہے؟

(A) نقش فریادی
(B) دست صبا
(C) زنداں نامہ
(D) شام شہر یاراں

83. ''شاعری کے لیے ایک شیریں دیوانگی اور تنقید کے لیے ایک مقدس سنجیدگی کی ضرورت ہوتی ہے''۔ یہ کس کا قول ہے؟

(A) ارسطو
(B) ایلیٹ
(C) نیاز فتحپوری
(D) آل احمد سرور

84. محمد حسین آزاد کی تصنیف ''نیرنگ خیال'' میں ''سچ اور جھوٹ کا رزم نامہ'' کے عنوان سے جو مضمون ہے اس میں جھوٹ کا نام کیا ہے۔

(A) کذّاب شاہ (B) دروغ دیوزاد

(C) حضرت مبالغہ (D) دجال

85. راجندر سنگھ بیدی کا ناول ''ایک چادر میلی سی'' کس رسالے میں شائع ہوا۔

(A) زمانہ (B) مخزن

(C) نقوش (D) ادب لطیف

86. قتل عاشق کسی معشوق سے کچھ دور نہ تھا
پر ترے عہد سے پہلے تو یہ دستور نہ تھا
یہ کس کا شعر ہے؟

(A) دردؔ (B) میرؔ

(C) حسرتؔ (D) آتشؔ

87. اپنی صحافت سے متعلق درج ذیل خیالات کا اظہار کس نے کیا تھا؟

''ہم اس بازار میں سودائے نفع کے لیے نہیں بلکہ تلاش زیاں و نقصان میں آئے ہیں۔ صلہ و ستائش کے نہیں بلکہ نفرت و دشنام کے طلب گار ہیں۔ عیش کے پھول نہیں بلکہ خلش و اضطراب کے کانٹے ڈھونڈتے ہیں۔ دنیا کے زر و سیم کو قربان کرنے کے لیے نہیں بلکہ خود اپنے تئیں قربان کرنے آئے ہیں''۔

(A) سر سید احمد خاں (B) ظفر علی خاں

(C) محمد علی جوہر (D) ابوالکلام آزاد

88. نظم طباطبائی نے کس انگریز شاعر کی نظم کا ترجمہ ''گور غریباں'' کے عنوان سے کیا۔

(A) شکسپیئر (B) ملٹن

(C) تھامس گرے (D) کیٹس

89. غالب نے اپنے ایک قطعے میں ''کلکتہ'' کی تعریف کی ہے۔ اردو کے کس شاعر نے شہر سورت کی تعریف میں مثنوی لکھی ہے۔

(A) میرؔ (B) شاہ حاتمؔ

(C) ولیؔ (D) مصحفیؔ

90. اقبال کے کس شعری مجموعے میں اندرونی ٹائٹل پر یہ شعر درج ہے؟

اٹھ کے خورشید کا سامان سفر تازہ کریں
نفس سوختۂ شام و سحر تازہ کریں

(A) بانگ درا (B) بال جبرئیل
(C) ضرب کلیم (D) ارمغان حجاز

91. حیات اللہ انصاری کے افسانے ''آخری کوشش'' کو کس نے پریم چند کے افسانے ''کفن'' کی ترقی یافتہ شکل سے تعبیر کیا ہے؟

(A) وقار عظیم (B) احتشام حسین
(C) ممتاز حسین (D) خلیل الرحمٰن اعظمی

92. کس نقاد نے نذیر احمد کے تمام ناولوں کو تمثیلی قصے قرار دیتے ہوئے انھیں ناول ماننے سے انکار کیا؟

(A) محمد احسن فاروقی (B) یوسف سرمست
(C) علی عباس حسینی (D) سلیم احمد

93. کس ریاست سے حالؔی کو ماہانہ وظیفہ مقرر تھا؟

(A) رام پور (B) پٹیالہ
(C) بھوپال (D) حیدرآباد

94. مظہر علی خاں ولاؔ کس کالج سے وابستہ تھے۔

(A) دلی کالج (B) فورٹ ولیم کالج
(C) فورٹ سینٹ جارج کالج (D) ایم۔اے۔او کالج

95. صفیہ اختر کے خطوط کے مجموعے کا کیا نام ہے؟

(A) زیر لب (B) خاموش آواز
(C) کاروان خیال (D) صلیبیں مرے دریچے میں

96. ذیل میں صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

(A) ورود مسعود : مسعود حسن رضوی ادیب (B) جو رہی سو بے خبری رہی : کلیم الدین
(C) آپ بیتی : عبدالماجد دریابادی (D) یاد ایام : آل احمد سرور

97. قیوم نظر کا تعلق کس سے تھا؟

(A) ترقی پسند تحریک
(B) حلقۂ ارباب ذوق
(C) جدیدیت
(D) علی گڑھ تحریک

98. ذیل کی کس داستاں کا تعلق فورٹ ولیم کالج سے نہیں ہے۔

(A) نو آئینِ ہندی
(B) آرائش محفل
(C) نثر بے نظیر
(D) مذہب عشق

99. آبرو کا نام کیا تھا؟

(A) شیخ شرف الدین
(B) ظہور الدین
(C) نجم الدین
(D) صدرالدین محمد خاں

100. ''قصیدۂ چرخیہ'' کس قصیدے کو کہتے ہیں؟

(A) جس کی تمہید میں آسمان اور ستاروں کا ذکر ہو
(B) جس کی تمہید میں موسم بہار کا ذکر ہو
(C) جس میں تمہید نہ ہو
(D) جس میں دعائیہ اشعار نہ ہوں

☆☆☆

**Rough Work**